# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 05 April 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۵/ اپریل ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ لوک سبھا چُناؤ کے دوسرے مرحلے میں پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی مدت ختم ' ریاست کے 8/ حلقہ انتخابات میں 477/ درخواستیں موصول

☆ راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوارگروپ نے بیڑ لوک سبھا حلقہ انتخاب سے بجرنگ سونو نے کو اور اجیت پوارگروپ نے دھاراشیو سے ارچنا پاٹل کو دی امیدواری

☆ آئی آئی ٹی ممبئی میں سرطان کے مریضوں کے لیے CAR T Cell طریقہ علاج کا صدر جمہوریہ کے ہاتھوں آغاز

اور ☆ ناندیڑ میں ڈرینیج چیمبر کی مرمت کے دوران 3/ مزدوروں کی موت

اب خبریں تفصیل سے...

لوک سبھا چُناؤ کے دوسرے مرحلے کے لیے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی مدت کل ختم ہوگئی۔ اِس مرحلے میں 12/ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے 88/ حلقوں میں ووٹنگ کی جائے گی۔ اِن میں مہاراشٹر کے 8/ حلقہ انتخابات کا بھی شمار ہے۔ اِن حلقوں میں کُل 352/ امیدواروں کی جانب سے 477/ پرچہ نامزدگی داخل کیے گئے ہیں۔ اِس میں ہنگولی حلقے میں 78/ ناندیڑ میں 12/ پربھنی میں 65/ بلڈھانہ میں 42/ اکولا میں 40/ امراوتی میں 73/ وردھا میں 38/ اور ایوت محل۔ واشم حلقے انتخاب میں 49/ پرچہ نامزدگی داخل کیے گئے ہیں۔ آج اِن درخواستوں کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ 8/ تاریخ تک پرچہ نامزدگی واپس لیے جاسکتے ہیں۔

***** ***** *****

پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے آخری دن کل ناندیڑ حلقہ انتخاب میں 72 / درخواستیں موصول ہوئی۔ ناندیڑ میں بی جے پی کے امیدوار پرتاپ راؤ پاٹل چکھلیکر نے کل اپنی درخواست داخل کی۔

ہنگولی میں عظیم اتحاد کی شیوسینا کے امیدوار بابوراؤ کدم کوہڑیکر نے کل وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔

پربھنی لوک سبھا حلقہ انتخاب سے ونچت بہوجن آگھاڑی کے پنجاب راؤ ڈکھ نے اپنے پرچہ نامزدگی داخل کیے۔ اکولا سے ونچت بہوجن آگھاڑی کے قومی صدر پرکاش امبیڈکر نے بھی کل اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ اِسی طرح بلڈھانہ لوک سبھا حلقہ انتخاب میں شیوسینا کے اُدھو باڑاصاحیب ٹھاکرے پارٹی کے امیدوار نریندر کھیڈکر نے کل اپنے پرچہ نامزدگی داخل کیے۔ ایوت محل لوک سبھا حلقہ انتخاب سے شیوسینا عظیم اتحاد کی امیدوار راج شری پاٹل نے کل وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ نے کل 2 / امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا۔ اس میں بیڑ حلقہ انتخاب سے بجرنگ سونو نے اور بھِونڈی حلقے سے سُریش مہاترے کو امیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

عثمان آباد لوک سبھا حلقے انتخاب سے راشٹر وادی کانگریس پارٹی نے ارچنا پاٹل کو امیدواری دینے کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی کے ریاستی صدر سُنیل تٹ کرے نے کل ممبئی میں صحافیوں کو یہ بات بتائی۔ اِس سے قبل ارچنا پاٹل نے راشٹر وادی کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔

***** ***** *****

سرطان کے مریضوں کے لیے CAR T Cell طریقہ علاج کے سبب پوری انسانیت کو امید کی نئی کرن ملی ہے۔ صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے یہ بات کہی۔ وہ کل آئی آئی ٹی ممبئی میں CAR T Cell طریقہ علاج کا آغاز کرنے کے بعد اظہار خیال کر رہی تھیں۔ اُنھوں نے کہا کہ یہ طریقہ علاج مکمل طور پر بھارتیہ ہے۔ محترمہ دروپدی مُرمو نے کہا کہ اِس طریقہ علاج کے سبب بہترین طبی سہولیات دینے والے ممالک کی فہرست میں بھارت کو نمایا مقام حاصل ہوگا۔

***** ***** *****

چھتر پتی سنبھا جی نگر ضلعے میں لوک سبھا چناؤ کے لیے انتظامیہ کی تیاریاں جاری ہیں ۔کل اورنگ آباد وسط اور اورنگ آباد مشرقی اسمبلی حلقے کے رائے دہی مراکز کے ذمہ دار اور اسسٹنٹ چناؤ افسر اِس طرح کُل ایک ہزار 756/ملازمین کو تربیت دی گئی ۔

***** ***** *****

رائے دہی کی ترغیب دینے کے مقصد سے چھتر پتی سنبھا جی نگر ضلع کلکٹر کی رائے پر آئندہ گُڑی پاڑوا کے دِن'' گُڑی پاڑوا - مت دان واڈھوا '' نامی پروگرام پر عمل درآمد کیا جائے گا ۔ اِس کے تحت آئندہ 9/ تاریخ کے روز صبح 9/ سے 10/ بجے کے دوران پورے ضلعے میں بیک وقت اِس پروگرام کا اہتمام کیا جائے گا ۔

***** ***** *****

ہنگولی لوک سبھا حلقہ انتخاب کی الیکشن انسپکٹر ایم ایس ارچنا نے کل لمباڑا کے گورنمنٹ ٹیکنیکل کالج میں قائم کیے گئے اسٹرانگ روم کا معائنہ کیا ۔ ساتھ ہی رائے شماری کے دن قائم کیے جانے والے میڈیا روم کی جگہ کا بھی جائزہ لیا ۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آ کا شوانی چھتر پتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کے زیرِ انتظام ماڑٹیکڑی سی وریج ٹریٹمنٹ پلانٹ میں کل دم گھٹنے سے 2/ مزدوروں کی موت واقع ہوگئی ۔ اِن مزدوروں کو بچانے گیا ایک شخص بھی موقعے پر ہی فوت ہوگیا ۔ یہ حادثہ کل صبح پیش آیا ۔

***** ***** *****

مراٹھواڑے کے پہلے پلاسٹک سرجن آنجہانی ڈاکٹر اویناش یے ڑیکر کی پہلی برسی کے موقعے پر اُن کی حیات اور خدمات پر مبنی کتاب کا اجراء کیا جا رہا ہے ۔ یہ تقریب آئندہ اتوار کے روز ایم جی ایم کے رُکمنی جلسہ گاہ میں صبح 11/ بجے منعقد کی جائے گی ۔ معروف سرجن ڈاکٹر رَوین تھتے مذکورہ کتاب کا اجراء کریں گے ۔ یہ تقریب ایم جی ایم اِدارے کے چیئرمین کمل کشور کدم کی صدارت میں منعقد کی جائے گی ۔

***** ***** *****

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر جینتی ، مہاتما جیوتی راؤ پھلے جینتی ، شری رام نومی اور عیدالفطر کے پیش نظر لاتور ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے کل امن کمیٹی کی میٹنگ بلائی تھی ۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ ہم سبھی کو ایک دوسرے کے جذبات اور عقائد کا احترام کرتے ہوئے اپنے اپنے تہوار منانا چاہیے۔ اپنی مخاطبت میں انھوں نے حاضرین سے سماجی ہم آہنگی اور امن قائم رکھنے کی اپیل بھی کی۔

***** ***** *****

جالنہ شہر کے گجانن طور قتل معاملے کے مشتبہ ملزم ولاس پوار عرف ٹائیگر شیرا کو جالنہ پولس نے پنجاب کے امرتسر سے گرفتار کرلیا ہے۔ پولس سپرنٹنڈنٹ اجئے کمار بنسل نے بتایا کہ عدالت نے کل اُسے 8/اپریل تک پولس حوالات میں رکھنے کا حکم دیا ہے ۔ مذکورہ معاملے کے دیگر 3/مشتبہ ملزمین پہلے سے ہی عدالتی تحویل میں ہے۔ خیال رہے کہ 11/دسمبر 2023ء کے روز گجانن طور کو دن دیوالے گولیا مار کر قتل کردیا گیا تھا۔

***** ***** *****

لوک سبھا چُناؤ کے پیش نظر شراب کے ذخیرے اور ریت کی غیر قانونی حمل و نقل کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کل چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں 6/ٹھکانوں پر چھاپے مارے گئے ۔ اِس کے تحت ضلعے میں سلوڑ دیہی علاقہ نیز شہر ، بڑ کن ، خلدآباد اور پیٹھن میں مذکورہ کارروائی انجام دی گئی۔ اِس میں 11/لاکھ 56/ہزار روپئے مالیت کا سامان ضبط کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ شہر پولس نے کل شہر کے بس اسٹینڈ علاقے میں ایک کار سے شراب کے ڈبے ضبط کیے اور ملزم کو گرفتار کیا ہے۔ ضبط شدہ مال کی کُل مالیت 5/لاکھ روپئے ہے۔

***** ***** *****

چاندی کے لیے ملک بھر میں مشہور کولہاپور کے ہوپری کو Geographical indication یعنی GI اختصاص کیا گیا ہے۔ ہوپری میں چاندی خانہ تنظیم کے عہدیداران نے کل صحافتی کانفرنس میں یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ روایتی دست کاری کی بقاء اور یہاں تیار ہونے والے چاندی کے زیورات کی خصوصیت کو عالمی نقشے پر اختصاص کرنے کے مقصد سے چاندی خانہ تنظیم اقدام کر رہی تھی۔

***** ***** *****

جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ ڈویژن میں پٹریوں کی مُرمت کے لیے رولنگ کوریڈور بلاک کیا جا رہا ہے۔ لہٰذا ناندیڑ سے منماڑ ڈیموٹرین آئندہ 21/اپریل تک ناندیڑ سے پورنا کے درمیان جزوی طور پر منسوخ کی جا رہی ہے۔ اِس دوران یہ گاڑی ناندیڑ کے بجائے پورنا سے نکلے گی۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ 42/اعشاریہ 5/ڈگری سیلسیس درجہ حرارت وردھا میں درج ہوا۔ اِسی طرح دھاراشیو میں 41/ڈگری سیلسیس ، بیڑ میں 40/اعشاریہ 5/ڈگری ، لاتور میں 40/ڈگری اور چھترپتی سنبھاجی نگر میں کل 39/اعشاریہ 5/ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج ہوا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ لوک سبھا چناؤ کے دوسرے مرحلے میں پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی مدت ختم ' ریاست کے 8 / حلقہ انتخابات میں 477 / درخواستیں موصول

☆ راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ نے بیڑ لوک سبھا حلقہ انتخاب سے بجرنگ سونو نے کو اور اجیت پوار گروپ نے دھاراشیو سے ارچنا پاٹل کو دی امیدواری

☆ آئی آئی ٹی ممبئی میں سرطان کے مریضوں کے لیے CAR T Cell طریقہ علاج کا صدر جمہوریہ کے ہاتھوں آغاز

اور

☆ ناندیڑ میں ڈرینیج چیمبر کی مرمت کے دوران 3 / مزدوروں کی موت

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆